روزنامہ

الفضل

C.P.L 29-FD   ٹیلی فون نمبر 047-6213029

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

ہفتہ یکم ستمبر 2007ء 18 شعبان 1428ہجری یکم تبوک 1386ہش جلد 57-92 نمبر 199

اطاعت کے پتلے

رسول اللہ ﷺ نے سفر ہجرت کے دوران ایک خاتون ام معبد کے گھر پر تھوڑا سا قیام کیا تھا۔ اس نے اپنے خاوند کے واپس آنے پر رسول اللہؐ کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا۔

ان کے رفقاء ان کے گرد حلقہ باندھے کھڑے رہتے ہیں اور توجہ سے سنتے ہیں جب وہ انہیں کوئی حکم دیتے ہیں تو وہ تیزی سے اس کی تعمیل کرتے ہیں۔

(البدایہ والنہایہ کتاب الشمائل باب حدیث ام معبد جلد6 صفحہ 30)

3

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا سفر یورپ

ہالینڈ سے جرمنی کے لئے روانگی، بیت السبوح فرینکفرٹ میں آمد اور پُرجوش استقبال

رپورٹ: مکرم مبارک احمد ظفر صاحب ایڈیشنل وکیل المال لندن

25/اگست 2007ء

25/اگست 2007ء کو حضور انور نے ساڑھے پانچ بجے صبح نماز فجر بیت النور میں پڑھائی۔ سات بجکر پندرہ منٹ پر اپنے مخصوص انداز سے دست مبارک میں عصا تھامے سیر کے لئے تشریف لے گئے۔ تقریباً ڈیڑھ گھنٹہ کی سیر کے بعد حضور انور نے بیت النور مشن ہاؤس میں لجنہ ہال، بک سٹور اور کچن کا تفصیلی دورہ فرمایا اور لندن سے آئے ہوئے مکرم عباس احمد خان صاحب انجینئر، جو یہاں کے تعمیراتی کاموں کی نگرانی کرتے ہیں، کو ہدایات سے نوازا۔ لجنہ کے فنکشنز کے دوران ایک رہائشی جگہ کی ضرورت تھی جس کے لئے عمارت کے ایک حصہ کو اس میں تبدیل کیا جارہا ہے۔

ہالینڈ سے جرمنی روانگی

آج ہالینڈ سے جرمنی کے لئے روانگی کا دن تھا قافلے کی گاڑیاں تیار ہورہی تھیں۔ جماعتوں سے آئے ہوئے مہمان بھی اپنے اپنے گھروں میں واپسی کی تیاری میں مصروف تھے۔ ماحول میں ایک اداسی کی کیفیت تھی۔ آسمان بالکل صاف تھا اور درختوں سے دھوپ چھن چھن کرآرہی تھی۔

گیارہ بجکر پانچ منٹ پر حضور انور سفر پر روانگی کے لئے اپنی رہائش گاہ سے باہر تشریف لائے اور الوداع کہنے کے لئے جمع احباب کے درمیان رونق افروز ہوئے۔ ڈیوٹی دینے والے کارکنان کے ساتھ گروپ فوٹو ہوا اور پھر اس کے بعد حضور انور مستورات کی طرف تشریف لے گئے۔ دعا کروائی اور قافلہ جرمنی کے لئے روانہ ہوا۔

ایک بجکر چالیس منٹ پر وہ مقام آگیا ہے جہاں ہالینڈ اور جرمنی کا بارڈر ہے۔ یہاں پر جماعت ہالینڈ سے ساتھ آئے ہوئے احباب جماعت نے اپنے پیارے آقا کو الوداع اور جماعت جرمنی کے قافلے نے خوش آمدید کہنا تھا۔ اس موقع پر اداسی اور خوشی کے مخلوط جذبات کی کیفیت کا اندازہ صرف شمع خلافت کا ایک پروانہ ہی کرسکتا ہے۔ حضور انور کی گاڑی رکنے پر مکرم عبداللہ واگس ہاؤزر صاحب امیر جماعت جرمنی نے آگے بڑھ کر حضور انور کا استقبال کیا اور شرف مصافحہ حاصل کیا۔ اسی طرح ان کے ساتھ آئے ہوئے احباب نے بھی حضور انور سے مصافحہ کی سعادت پائی۔ مکرم ھبۃ النور فرحاخن اور ان کے ساتھ آئے ہوئے احباب نے بھی آگے بڑھ کر حضور انور کو الوداعی سلام کہا اور شرف مصافحہ حاصل کیا۔ قریباً پندرہ منٹ تک حضور انور امیر صاحب ہالینڈ اور امیر صاحب جرمنی سے گفتگو فرماتے رہے اور پھر اپنی گاڑی میں سوار ہوگئے۔ ہالینڈ جماعت کی گاڑی لیڈنگ پوزیشن سے ہٹی اور جماعت جرمنی کی گاڑی نے اس کی جگہ لے لی اور قافلہ اگلے سفر کے لئے روانہ ہوا۔

طے شدہ پروگرام کے مطابق راستے میں مکرم صدیق احمد صاحب ڈوگر آف آخن کی درخواست پر ان کے نئے گھر میں رکنا تھا۔ سوا دو بجے دوپہر قافلہ یہاں پہنچا، ڈوگر خاندان کے افراد نے ”یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی“ نظم پڑھ کر حضور انور کا استقبال کیا۔ سب سے پہلے حضور انور نے نماز ظہر اور عصر پڑھائی۔ نماز کا انتظام ڈوگر صاحب کے گھر سے باہر ساتھ والے لان میں کیا گیا تھا۔ اس کے بعد کھانا ہوا۔ حضور انور گھر کے کمروں میں تشریف لے گئے اور برکت بخشی۔ تین بجکر پچپن منٹ پر حضور انور نے دعا کروائی اور قافلہ فرینکفرٹ کے لئے روانہ ہوا۔

بیت السبوح فرینکفرٹ میں آمد اور پُرجوش استقبال

چھ بجے شام حضور انور کی گاڑی مشن ہاؤس بیت السبوح میں عقبی گیٹ سے داخل ہوئی۔ فضاء میں نعرہ ہائے تکبیر بلند ہوئے، خوش الحان نغمے اور ترانے گونج اٹھے حضور انور گاڑی سے باہر تشریف لائے تو ایک وقف نو بچے عزیزم تحسین احمد نے حضور انور کو پھولوں کا گلدستہ پیش کیا۔ دورویہ کھڑے جم غفیر کے درمیان سے حضور انور نے گزر کر اپنے عشاق پر پیار کی نظر فرمائی اور اپنا دست مبارک ہلا ہلا کران کے نعروں کا جواب دیا۔ اس دوران حضور انور نے وہاں کھڑے مکرم مسعود احمد دہلوی صاحب کو شرف مصافحہ بھی عطا فرمایا۔ مشن ہاؤس کے اندر پہنچنے پر حضور انور نے تیسری منزل پر ہونے والے تعمیراتی کام کا ایک نظر سے جائزہ لیا اور پھر اپنی رہائش گاہ میں تشریف لے گئے۔

آٹھ بجکر پینتیس منٹ پر حضور انور نے مستورات کی رہائش گاہ اور لائبریری کا معائنہ فرمایا اور بیت السبوح میں تشریف لائے۔ پہلی صف میں بیٹھے ہوئے ہمسایہ ممالک سے آئے ہوئے مربیان سلسلہ کا مکرم حیدر علی ظفر صاحب مربی انچارج جرمنی نے حضور انور سے تعارف کروایا اور مکرم لئیق احمد عاطف صاحب مربی سلسلہ مالٹا سے حضور انور نے مختصر گفتگو فرمائی۔ ٹھیک آٹھ بجکر پینتالیس منٹ پر نماز مغرب وعشاء پڑھانے کے بعد حضور انور اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔ مکرم منیر احمد صاحب جاوید پرائیویٹ سیکرٹری نے اس عرصہ کے دوران جمع ہونے والی تمام ڈاک تیار کرکے حضور انور کے ملاحظہ کے لئے رہائش گاہ پر بھجوائی۔

آج سارا دن دھوپ نکلی رہی اور موسم نہایت خوشگوار رہا۔

زبان پر قابو اور نجات

حضرت عقبہ بن عامر بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول کریم ﷺ سے پوچھا کہ یارسول اللہ نجات کیسے ہو؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا:۔

”کہ اپنی زبان کو روک کر رکھو۔“

(ترمذی ابواب الزہد)

حضرت اقدس مسیح موعود زبان کی خرابیاں اور نقصانات بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

”زبان سے ہی انسان تقویٰ سے دور چلا جاتا ہے، زبان سے تکبر کرلیتا ہے اور زبان سے ہی فرعونی صفات آجاتی ہیں اور اسی زبان کی وجہ سے پوشیدہ اعمال کو ریاءکاری سے بدل لیتا ہے اور زبان کا زیاں بہت جلد پیدا ہوتا ہے...... زباں کا زیاں خطرناک ہے اس لئے متقی اپنی زبان کو بہت ہی قابو میں رکھتا ہے۔“

(ملفوظات جلداول صفحہ 281)

(مرکزی اصلاحی کمیٹی ربوہ)

احمدی ڈاکٹرز توجہ فرمائیں!!

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے 15دسمبر 2006ء کو خطبہ جمعہ میں احمدی ڈاکٹرز کو **”تحریک وقف“** فرماتے ہوئے یہ الفاظ ارشاد فرمائے۔!

”ڈاکٹروں کو بھی اپنے آپ کو وقف کرنا چاہئے۔ چاہے تین سال کیلئے کریں۔ چاہے پانچ سال کیلئے کریں۔ چاہے زندگی کیلئے کریں۔ لیکن **”وقف“** کرکے آگے آنا چاہئے۔“

پیارے آقا کی اس تحریک پر لبیک کہنے کے خواہشمند تمام احمدی ڈاکٹروں کو فضل عمر ہسپتال ربوہ خدمت دیتا ہے۔ فضل عمر ہسپتال کو فوری طور پر مندرجہ ذیل شعبۂ جات میں **وقف ڈاکٹرز** کی ضرورت ہے۔

- Cardiology
- Emergency / Trauma Centre
- Paediatrics.
- Medicine.
- Gynaecology
- Surgery.

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ میں علاج کے خواہشمند احباب متوجہ ہوں

☆ خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے ربوہ میں امراض قلب کے علاج کے لئے جدید ترین سہولتوں سے آراستہ ''طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ'' قائم ہو چکا ہے۔ عنقریب اس کا آغاز ہو رہا ہے۔ طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ میں تمام مریضان کا طبی ریکارڈ محفوظ رکھا جائے گا۔ اس سلسلہ میں پہلا مرحلہ ادارے میں آنے والے مریض کی رجسٹریشن ہے جو نیچے دیئے گئے فارم کو پُر کرنے کے بعد ہوگی۔ رجسٹریشن کے بعد مریض کو ایک کارڈ جاری کیا جائے گا جو ہر Visit پر ساتھ لے کر آنا ضروری ہوگا۔ ایسے احباب جو ''طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ'' سے علاج کروانا چاہتے ہیں ان سے درخواست ہے کہ وہ جلد از جلد اپنی رجسٹریشن کروالیں۔

انتظامیہ
طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ
فون نمبر: 047-6216010-12

PT.ID. [ ][ ][ ][ ][ ][ ][ ][ ]
دفتری اندراج کیلئے

TAHIR HEART INSTITUTE

رجسٹریشن فارم (برائے علاج)

مریض کا نام:	ولدیت/زوجیت:	عمر/تاریخ پیدائش:
جنس: [ ] مرد [ ] عورت	ازدواجی حیثیت: [ ] شادی شدہ [ ] غیر شادی شدہ۔	
فون نمبر:	موبائل نمبر:	پیشہ:
کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ/پاسپورٹ نمبر:	ای میل ایڈریس (اگر ہو تو):	
مکمل پتہ:	شہر:	ملک:

آپ کو طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ کے بارے میں کیسے پتا چلا؟ [ ] خود [ ] رشتہ دار [ ] دوست [ ] کوئی اور ذریعہ (وضاحت) ____________

آپ کی علامات/مرض کی تشخیص ____________

کب سے ہے؟ ____________ آپ کو کیا کروانا ہے؟ [ ] مشورہ [ ] علاج

طبی کوائف (ہاں کی صورت میں نشان لگا کر تفصیل بتائیے)

- کیا آپ کو ہائی بلڈ پریشر ہے؟ [ ] نہیں [ ] ہاں ____________
- کیا آپ کو شوگر/ذیابیطس ہے؟ [ ] نہیں [ ] ہاں ____________
- کیا آپ کو دل کی تکلیف ہے؟ مثلاً انجائینا/دل کا دورہ [ ] نہیں [ ] ہاں ____________
- کیا آپ کو تپ دق/ٹی بی ہے؟ [ ] نہیں [ ] ہاں ____________
- کیا آپ کو دمہ/سانس لینے میں دشواری ہے؟ [ ] نہیں [ ] ہاں ____________
- آپ کو کبھی یرقان یا ہیپاٹائٹس ہوا ہے؟ [ ] نہیں [ ] ہاں ____________
- آپ کو کبھی فالج ہوا ہے؟ [ ] نہیں [ ] ہاں ____________
- کیا آپ سگریٹ نوشی کرتے ہیں یا کرتے تھے؟ دن میں کتنی سگریٹ پیتے ہیں؟ [ ] نہیں [ ] ہاں ____________
- کیا آپ کا کولیسٹرول لیول بڑھا ہوا ہے؟ [ ] نہیں [ ] ہاں ____________
- کیا آپ وزن کی زیادتی کا شکار ہیں یا موٹے ہیں؟ [ ] نہیں [ ] ہاں ____________
- کیا آپ کے خاندان میں کسی کو ہائی بلڈ پریشر، شوگر، دل کے امراض یا فالج ہوا ہے؟ [ ] نہیں [ ] ہاں ____________
- پہلے کبھی کوئی آپریشن ہوا ہے؟ [ ] نہیں [ ] ہاں ____________
- آپ کا کبھی انتقال خون ہوا ہے؟ [ ] نہیں [ ] ہاں ____________
- آپ کا بلڈ گروپ کیا ہے؟ (اگر معلوم ہو تو) [ ] نہیں [ ] ہاں ____________
- آپ کو کھانے یا دوائیوں سے کسی قسم کی کوئی الرجی ہے؟ [ ] نہیں [ ] ہاں ____________
- مزید معلومات جو آپ کے خیال میں فراہم کرنی مناسب ہوں؟ [ ] نہیں [ ] ہاں ____________

اجازت نامہ برائے علاج

میں اپنی مرضی سے طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ میں علاج کروانا چاہتا / چاہتی ہوں۔ اس علاج میں دوائیاں، آپریشن اور دوسرے علاج معالجات شامل ہو سکتے ہیں۔

دستخط مریض/قریبی رشتہ دار: تاریخ:

فضل عمر ہسپتال چناب نگر (ربوہ) فون نمبر: 047-6216010-2 Ext:Recp: 323,324 OPD: 321,322

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

مکرم نصر اللہ خان صاحب ناصر

حقائق و معارف ، اسرار عالیہ اور علوم حکمیہ

حکمت و معرفت اور دائمی صداقتوں کے جواہرات

براہین احمدیہ سے مختصر مگر روح پرور اقتباسات

(روحانی خزائن جلد اول)

(قسط اول)

حضرت خاتم الانبیاءؐ کی پیروی

اب آسمان کے نیچے فقط ایک ہی نبی ہے اور ایک ہی کتاب ہے یعنی حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ جو اعلیٰ و افضل سب نبیوں سے اور اتم و اکمل سب رسولوں سے اور خاتم الانبیاء اور خیر الناس ہیں جن کی پیروی سے خدا تعالیٰ ملتا ہے اور ظلماتی پردے اٹھتے ہیں اور اسی جہان میں سچی نجات کے آثار نمایاں ہوتے ہیں۔

(صفحہ 557)

سید الرسلؐ کا مقام

جلیل الشان نبی ...... کہ جو سید الرسل اور سب رسولوں کا سرتاج ہے اگر وہ حامد ہیں تو وہ احمد ہے اور اگر وہ محمود ہیں تو وہ محمد ہے ﷺ

(صفحہ 594)

مصلح ربانی کی شناخت

نبوت کے اور علت غائی رسالت اور پیغمبری کی انہیں کی ذات بابرکات میں ثابت اور متحقق ہو رہی ہے اور جیسا کہ مصنوعات سے صانع شناخت کیا جاتا ہے ویسا ہی عاقل لوگ اصلاح موجودہ سے اس مصلح ربانی کی شناخت کر رہے ہیں ...... جن سے آنحضرت کا موید بتائید الٰہی ہونا ثابت ہوتا ہے۔

(صفحہ 118-119)

ترقیات قربت کا شروع اس نقطہ سیر سے ہے کہ جب سالک اپنے نفس پر ایک موت قبول کر کے اور سختی اور آزارکشی کو روا رکھ کر ان تمام نفسانی خواہشوں سے خالصاً للہ دست کش ہو جائے کہ جو اس میں اور اس کے مولیٰ کریم میں جدائی ڈالتے ہیں اور اس کے مونہہ کو خدا کی طرف سے پھیر کر اپنی نفسانی لذات اور جذبات اور عادات اور خیالات اور ارادات اور نیز مخلوق کی طرف پھیرتے ہیں اور ان کے خوفوں اور امیدوں میں گرفتار کرتے ہیں اور ترقیات کا اوسط درجہ وہ ہے کہ جو جو ابتدائی درجہ میں نفس کشی کیلئے تکالیف اٹھائی جاتی ہیں اور حالت معتادہ کو چھوڑ کر طرح طرح کے دکھ سہنے پڑتے ہیں وہ سب آلام صورت انعام میں ظاہر ہو جائیں اور بجائے مشقت کے لذت اور بجائے رنج کے راحت اور بجائے تنگی کے انشراح اور بشاشت نمودار ہو اور ترقیات کا اعلیٰ درجہ وہ ہے کہ سالک اس قدر خدا اور اس کے ارادوں اور خواہشوں سے اتحاد اور محبت اور یکجہتی پیدا کر لے کہ اس کا تمام اپنا عین واثر جاتا رہے اور ذات اور صفات الٰہیہ بلا شائبہ ظلمت اور بلا توہم حالیت و محلیت اس کے وجود آئینہ صفت میں منعکس ہو جائیں اور فنا اتم کے آئینہ کے ذریعہ سے جس نے سالک میں اور اس کی نفسانی خواہشوں میں غایت درجہ کا بعد ڈال دیا ہے انعکاس ربانی ذات اور صفات کا نہایت صفائی سے دکھائی دے۔

(صفحہ 586)

صفت رحمانیت کا جوش

دنیا کی ظلمانی حالت بھی اپنی پوشیدہ خوبیوں میں لیلۃ القدر کا ہی حکم رکھتی ہے...... وہی ظلمانی حالت تھی کہ جو آنحضرت ﷺ کی بعثت کے وقت تک اپنے کمال کو پہنچ کر ایک عظیم الشان نور کے نزول کو چاہتی تھی۔ اور اسی ظلمانی حالت کو دیکھ کر اور ظلمت زدہ بندوں پر رحم کر کے صفت رحمانیت نے جوش مارا اور آسمانی برکتیں زمین پر متوجہ ہوئیں۔ سو وہ ظلمانی حالت دنیا کیلئے مبارک ہوگئی اور دنیا نے اس سے ایک عظیم الشان رحمت کا حصہ پایا۔ ایک کامل انسان اور سید الرسل کہ جس سا کوئی پیدا نہ ہوا اور نہ ہوگا۔ دنیا کی ہدایت کیلئے آیا اور دنیا کیلئے اس روشن کتاب کو لایا جس کی نظیر کسی آنکھ نے نہیں دیکھی۔

(صفحہ 418-419)

نور الہام

نور الہام کا بھی خاص خدا کی طرف سے اور اس کے ارادہ سے نازل ہوتا ہے یونہی اندر سے جوش نہیں مارتا۔ جب کہ خدا فی الواقع موجود ہے اور فی الواقع وہ دیکھتا سنتا جانتا کلام کرتا ہے تو پھر اس کا کلام اسی حی و قیوم کی طرف سے نازل ہونا چاہئے۔ نہ یہ کہ انسان کے اپنے ہی خیالات خدا کا کلام بن جائیں۔

(صفحہ:237)

وحی الٰہی کی شرط

وحی الٰہی وہ خدا کی پاک کلام ہے کہ جس میں منزل علیہ کی طہارت تامہ اور قابلیت کاملہ شرط ہے کیونکہ جو شخص طرح طرح کے اغشیہ جسمانی اور اہویہ نفسانی سے محجوب ہے اس میں اور مبداء پاک میں پرلے درجہ کی دوری واقعہ ہے کہ جس سے وہ قابل افاضہ الہام الٰہی ہرگز نہیں ٹھہر سکتا۔ (صفحہ:96)

توحید الٰہی کی اشاعت

ہمیشہ توحید الٰہی صرف الہام ہی کے ذریعہ سے پھیلتی رہی ہے اور معرفت الٰہی کے طالبوں کیلئے قدیم سے یہی دروازہ کھلا رہا ہے۔ (صفحہ 216)

کلام الٰہی کا فیض

کروڑ ہا کروڑ موحد یعنی اہل ...... جن کے دل توحید کے چشمہ صافی سے لبریز ہو رہے ہیں ...... وہی لوگ ہیں جنہوں نے کلام الٰہی سے فیض پایا۔ وہی چشمہ خدا کے کلام کا جوش مار کر دور دور تک بہہ نکلا۔

(صفحہ 216۔217)

الہام الٰہی اور طبائع صافیہ

الہام الٰہی کی ہدایت ہر یک طبیعت کیلئے نہیں بلکہ ان طبائع صافیہ کیلئے ہے جو صفت تقویٰ اور صلاحیت سے متصف ہیں۔ وہی لوگ ہدایت کاملہ الہام سے فائدہ اٹھاتے ہیں اور اس سے منتفع ہوتے ہیں اور ان تک الہام الٰہی بہرصورت پہنچ جاتا ہے۔

(صفحہ:199)

الہام اور عقل کا جامع انسان

خدا کے نیک بندوں کو زیادہ تر نفع پہنچانے والا وہی شخص ہوتا ہے کہ جو الہام اور عقل کا جامع ہو اور اس میں یہ لیاقت ہوتی ہے کہ ہر یک طور کی طبیعت اور ہر قسم کی فطرت اس سے مستفیض ہو سکے۔ (صفحہ 213)

الہام سے معرفت الٰہی

ابتداء امر خدا شناسی کی الہام ہی کے ذریعہ سے ہوئی ہے اور کیا اس وجہ سے کہ معرفت الٰہی کا ہمیشہ از سر نو زندہ ہونا الہام ہی کے ہاتھ سے ہوتا آیا ہے اور کیا اس خیال سے کہ مشکلات راہ سے رہائی پانا الہام ہی کی امداد پر منحصر ہے ہر عاقل کو تسلیم کرنا پڑتا ہے کہ وہ راہ جو نہایت صاف اور سیدھی اور ہمیشہ سے کھلی ہوئی اور مقصود تک پہنچاتی ہوئی چلی آئی ہے وہ وحی ربانی ہے...... سو اس تحقیقات سے بھی یہی ثابت ہے کہ کھلا ہوا اور واضح راستہ معرفت الٰہی کا صرف بذریعہ کلام الٰہی ملنا ہے۔ (صفحہ 214، 215)

الہام سے خدا کی شناخت

یہ الہام ہی کا فیض ہے جس کی برکتوں سے انسان نے اس خدائے بے مثل و مانند کو اسی طرح پر شناخت کر لیا جیسا اس کی ذات کامل و بے عیب کے لائق ہے۔ (صفحہ 214، 215)

الہام سے خدا کو پانا

کوئی شخص صرف اس صحیفہ فطرت پر نظر کر کے کوئی فائدہ علم دین کا اٹھا نہیں سکتا اور جب تک الہام رہبری نہ کرے خدا کو پا نہیں سکتا۔ (صفحہ 216)

الہام یقینی صداقت ہے

الہام ایک واقعی اور یقینی صداقت ہے جس کا مقدس اور پاک چشمہ دین ...... ہے اور خدا جو قدیم سے صادقوں کا رفیق ہے دوسروں پر یہ نورانی دروازہ ہرگز نہیں کھولتا اور اپنی خاص نعمت غیر کو ہرگز نہیں دیتا۔

(صفحہ 288)

وحی رسالت

گو وحی رسالت بجہت عدم ضرورت منقطع ہے۔ لیکن یہ الہام کہ جو آنحضرت ﷺ کے با اخلاص خادموں کو ہوتا ہے یہ کسی زمانہ میں منقطع نہیں ہوگا۔

(صفحہ 238)

مجرد عقل

غایت درجہ حکم عقل کا یہ ہے کہ وہ کسی شے کے موجود ہونے کی ضرورت کو ثابت کرے جیسا کسی چیز کی نسبت یہ حکم دے کہ اس چیز کا ہونا ضروری ہے یا یہ چیز ہونی چاہئے۔ مگر ایسا حکم ہرگز نہیں دے سکتی کہ واقعہ میں یہ چیز ہے بھی۔ (صفحہ 78)

عقل صرف ضرورت شئے کو ثابت کرتی ہے خود شئے کو ثابت نہیں کر سکتی۔ (صفحہ 78)

عقل ایک چراغ

عقل بھی خدا نے انسان کو ایک چراغ عطا کیا ہے کہ جس کی روشنی اس کو حق اور راستی کی طرف کھینچتی ہے۔

(صفحہ 78)

عقل کے ساتھ دوسرا رفیق

پایۂ یقین کامل کا کہ علم انسان کا کسی امر کی نسبت

ہونا چاہئے کے مرتبہ سے ترقی کر کے ہے کے مرتبہ تک پہنچ جائے تب حاصل ہوتا ہے کہ جب عقل کے ساتھ کوئی دوسرا ایسا رفیق مل جاتا ہے کہ جو اس کی قیاسی وجوہات کو تصدیق کر کے واقعات مشہودہ کا لباس پہناتا ہے۔ یعنے جس امر کی نسبت عقل کہتی ہے کہ ہونا چاہئے وہ رفیق اس امر کی نسبت یہ خبر دے دیتا ہے کہ واقعہ میں وہ امر موجود بھی ہے۔ (صفحہ 78)

عقل اور الہام

خداوند کریم نے جیسا ہر یک چیز کا جوڑ باندھ دیا ہے ایسا ہی الہام اور عقل کا باہم جوڑ مقرر کیا ہے اس حکیم مطلق کا عام طور پر یہی قانون قدرت پایا جاتا ہے کہ جب تک ایک چیز اپنے جوڑ سے الگ ہے تب تک اس کے جوہر چھپے رہتے ہیں...... ایسا ہی عقل کا حال ہے کہ علم دین میں اس کے نیک آثار تب مترتب ہوتے ہیں جب وہ جوڑ یعنی الہام اس کے ساتھ شامل ہو جائے۔

(صفحہ 170)

الہام یقینی۔ باعث حجت

وہی لوگ حجت...... ٹھہرتے ہیں جن کا الہام یقینی اور قطعی ہوتا ہے اور جو ان کامل افراد کے قائمقام ہوتے ہیں جو ان سے پہلے گزر چکے ہیں۔

(صفحہ 258)

اولیاء کے الہام

اولیاء کے الہاموں میں سے جب تک معانی کسی الہامی عبارت کے مشتبہ ہوں یا وہ الہام ہی مشتبہ اور مخفی ہو تب تک وہ ایک امر ظنی ہوگا اور ولی کا الہام اسی وقت حد قطع اور یقین تک پہنچے گا کہ جب ضعیف الہاموں کی قسم میں سے نہ ہو بلکہ اپنی کامل روشنی کے ساتھ نازل ہو اور بارش کی طرح متواتر برس کر اور اپنے نوروں کو قوی طور پر دکھلا کر ملہم کے دل کو کامل یقین سے پر کر دے۔ (صفحہ 259)

الہام۔ ایک صداقت

الہام یقینی اور قطعی ایک واقعی صداقت ہے جس کا وجود افراد کاملہ امت محمدیہ میں ثابت ہے اور انہیں سے خاص ہے۔ (صفحہ 258)

رسولوں کا الہام

رسولوں کا الہام بہت ہی درخشاں اور روشن اور اجلیٰ اور اقویٰ اور اصفیٰ اور اعلیٰ مراتب یقین کے انتہائی درجہ پر ہوتا ہے اور آفتاب کی طرح چمک کر ہر یک ظلمت کو اٹھا دیتا ہے۔ (صفحہ 259)

ناقص عقل

عقل انسانی اپنی فطرت میں ایسی ناقص اور ناتمام ہے کہ بغیر استمداد کسی دوسرے رفیق کے اس کا کوئی کام چل ہی نہیں سکتا اور جب تک شہادت واقعہ اس کو نہ ملے تب تک کوئی مقدمہ خواہ دینی ہو خواہ دنیوی، بصفائی و درستی اس سے فیصل نہیں ہو سکتا۔

(صفحہ 309)

الہام کے بغیر توحید الٰہی

عقل کے ذریعہ سے کسی زمانہ میں بھی توحید الٰہی شائع نہ ہوئی۔ یہی وجہ ہے کہ جس جگہ الہام نہ پہنچا اس جگہ کے لوگ خدا کے نام سے بے خبر اور حیوانات کی طرح بے تمیز اور بے تہذیب رہے۔ (صفحہ 219)

مجرد عقلی خیالوں کا اثر

مجرد عقلی خیالوں میں صرف اتنا ہی نقص نہیں کہ وہ مراتب یقینیہ سے قاصر ہیں اور دقائق الٰہیات کے مجموعہ پر قابض نہیں ہو سکتے۔ بلکہ ایک یہ بھی نقص ہے کہ مجرد عقلی تقریریں دلوں پر اثر کرنے میں بھی بغایت درجہ کمزور و بے جان ہیں۔ (صفحہ 327)

عقل کے رفیق

اگر حکم عقل کا دنیا کے محسوسات اور مشہودات سے متعلق ہو جو ہر روز دیکھے جاتے یا سنے جاتے یا سونگھے جاتے یا ٹٹولے جاتے ہیں تو اس وقت رفیق اس کا جو اس کے حکم کو یقین کامل تک پہنچاوے مشاہدہ صحیحہ ہے کہ جس کا نام تجربہ ہے اور اگر حکم عقل کا ان حوادث اور واقعات سے متعلق ہو...... تو اس وقت اس کا ایک اور رفیق بنتا ہے کہ جس کا نام تواریخ اور اخبار اور خطوط اور مراسلات ہے...... اگر حکم عقل کا ان واقعات سے متعلق ہو جو ماوراء المحسوسات ہیں جن کو ہم نہ آنکھ سے دیکھ سکتے ہیں اور نہ کان سے سن سکتے ہیں اور نہ ہاتھ سے ٹٹول سکتے ہیں اور نہ اس دنیا کی تواریخ سے دریافت کر سکتے ہیں تو اس وقت اس کا ایک تیسرا رفیق بنتا ہے کہ جس کا نام الہام اور وحی ہے۔ (صفحہ 79)

ضرورت شئے کا ثابت ہونا

عقل صرف ضرورت شئے کو ثابت کرتی ہے خود شئے کو ثابت نہیں کر سکتی اور ظاہر ہے کہ کسی شئے کی ضرورت کا ثابت ہونا امر دیگر ہے۔ (صفحہ 79)

آگاہی بخشے

عقل کیلئے ایک رفیق کی حاجت ہوئی کہ تا وہ رفیق عقل کے اس قیاسی اور ناقص قول کا کہ جو ہونا چاہئے کے لفظ سے بولا جاتا ہے مشہودی اور کامل قول سے جو ہے کے لفظ سے تعبیر کیا جاتا ہے جبر نقصان کرے اور واقعات سے جیسا کہ وہ نفس الامر میں واقعہ ہیں آگاہی بخشے۔ (صفحہ 79)

’’ہونا چاہئے‘‘ اور ’’ہے‘‘

خدا نے...... عقل کیلئے کئی رفیق مقرر کر کے راستہ یقین کامل کا اس پر کھول دیا ہے تا نفس انسان کا کہ جس کی ساری سعادت اور نجات یقین کامل پر موقوف ہے اپنی سعادت مطلوبہ سے محروم نہ رہے اور ’’ہونا چاہئے‘‘ کے نازک اور پر خطر پل سے کہ عقل نے شکوک اور شبہات کے دریا پر باندھا ہے۔ بہت جلد آگے عبور کر کے ’’ہے‘‘ کے قصر عالی جو دار الامن والاطمینان ہے داخل ہو جائے۔ (صفحہ 79)

مجرد ملاحظہ مخلوقات

مجرد ملاحظہ مخلوقات سے ہرگز یقین کامل حاصل نہیں ہو سکتا اور نہ کبھی کسی کو ہوا۔ بلکہ جس قدر حاصل ہو سکتا ہے اور شاید بعضوں کو ہوا ہے وہ اسی قدر ہے کہ جو ’’ہونا چاہیے‘‘ کا مصداق ہے اور یہ بھی وجود صانع عالم کی بابت ہے اور جزاء و سزا وغیرہ میں تو اتنا بھی نہیں اور جب کہ مخلوقات پر نظر ڈالنے سے یقین کامل حاصل نہ ہو سکا تو دو باتوں میں سے ایک بات ماننی پڑی یا تو یہ کہ خدا نے یقین کامل تک پہنچانے کا ارادہ ہی نہیں کیا اور یا یہ کہ ضرور اس نے یقین کامل تک پہنچانے کیلئے کوئی ذریعہ رکھا ہے۔ (صفحہ 157)

یہ بات کہ صرف ملاحظہ مخلوقات سے یقین کامل حاصل نہیں ہو سکتا اس طرح پر ثابت ہے کہ مخلوقات کوئی ایسا صحیفہ نہیں ہے کہ جس پر نظر ڈال کر انسان یہ لکھا ہوا پڑھ لے کہ ہاں اس مخلوق کو خدا نے پیدا کیا ہے اور واقعی خدا موجود ہے اور اسی کی لذت وصال راحت حقیقی ہے...... بلکہ مخلوقات کو دیکھ کر اور اس عالم کو ایک ترتیب احسن اور ابلغ پر مرتب پا کر فقط قیاسی طور پر یہ خیال کیا جاتا ہے کہ اس مخلوقات کا کوئی خالق ہونا چاہئے۔ اور لفظ ’’ہونا چاہئے‘‘ اور ’’ہے‘‘ کے مصداق میں بڑا فرق ہے۔ مفہوم ’’ہونا چاہئے‘‘ اس یقین جازم تک نہیں پہنچا سکتا جس تک مفہوم ’’ہے‘‘ کا پہنچاتا ہے بلکہ اس میں کسی قدر رگ شک باقی رہ جاتی ہے اور جو شخص کسی امر کی نسبت بطور قیاسی ہونا چاہئے کہتا ہے اس کے قول کا صرف اس قدر خلاصہ ہے کہ میرے قیاس میں تو ہونا لازم ہے اور آگے مجھے خبر نہیں کہ واقعہ میں ہے بھی یا نہیں۔ (صفحہ 154-155)

یقین کامل اور توحید خالص

’’الہام کے بغیر نہ یقین کامل ممکن ہے نہ غلطی سے بچنا ممکن نہ توحید خالص پر قائم ہونا ممکن نہ جذبات نفسانیہ پر غالب آنا حیز امکان میں داخل ہے۔‘‘

(صفحہ 163)

الہام سے ہست ہست کی پکار

وہ الہام ہی ہے جس کے ذریعہ سے خدا کی نسبت ’’ہے‘‘ کی دھوم مچی ہوئی ہے اور تمام دنیا ہست ہست کر کے اس کو پکار رہی ہے۔ (صفحہ 163)

الہام سے جوش محبت الٰہی

وہ الہام ہی ہے جو ابتداء سے دلوں میں جوش ڈالتا آیا کہ خدا موجود ہے وہی ہے جس سے پرستاروں کو پرستش کی لذت آتی ہے۔ ایمانداروں کو خدا کے وجود اور عالم آخرت پر تسلی ملتی ہے وہی ہے جس سے کروڑہا عارفوں نے بڑی استقامت اور جوش محبت الٰہیہ سے اس مسافر خانے کو چھوڑا۔ وہی ہے جس کی صداقت پر ہزارہا شہیدوں نے اپنے خون سے مہریں کر دیں۔ ہاں وہی ہے جسکی قوت جاذبہ سے بادشاہوں نے فقر کا جامہ پہن لیا۔ بڑے بڑے مالداروں نے دولت مندی پر درویشی اختیار کر لی۔

(صفحہ 163)

الہام۔ ایک کشتی

وہی ایک کشتی ہے جس نے بارہا یہ کام کر دکھایا کہ بے شمار لوگوں کو ورطہ مخلوق پرستی اور بدگمانی سے نکال کر ساحل توحید اور یقین کامل تک پہنچا دیا۔

(صفحہ 164)

الہام کامل

الہام کامل اور حقیقی کہ جو...... مذاہب باطلہ کے ہر یک قسم کے وساوس کو بکلی دور کرتا ہے اور طالب حق کو مرتبہ یقین کامل تک پہنچاتا ہے وہ فقط قرآن شریف ہے۔ (صفحہ 293)

الہام کے انکاری

الہام کے انکاری ہونے سے...... یہ فساد بھی ہے کہ توحید کامل سے بھی محروم اور بے نصیب ہیں اور شرک سے آلودہ ہیں۔ (صفحہ 167)

خدا کا کلام

خدا کا کلام وہ ہے جس میں خدا کی عظمت، خدا کی قدرت، خدا کی برکت، خدا کی حکمت، خدا کی بے نظیری پائی جاوے۔ (صفحہ 237)

مقرب الٰہی

اس وقت انسان کو مقرب الٰہی بولا جاتا ہے کہ جب وہ ارادہ اور نفس اور خلق اور تمام اضداد اور اغیار سے بکلی الگ ہو کر طاعت اور محبت الٰہی میں سراپا محو ہو جاوے اور ہر یک ماسوا اللہ سے پوری دوری حاصل کر لیوے اور محبت الٰہی کے دریا میں ایسا ڈوبے کہ کچھ اثر وجود اور انانیت کا باقی نہ رہے اور جب تک اپنی ہستی کے لوث سے مبرا نہیں اور بقا باللہ کے پیرایہ سے متحلّی نہیں تب تک اس قرب کی لیاقت نہیں رکھتا۔

(صفحہ 587)

ہومیو ڈاکٹر وقار احمد شیخ صاحب

دل کے دورے سے بچاؤ میں کولیسٹرول کی اہمیت

اس جدید دور میں جہاں ہر دوسرے شعبہ ہائے زندگی میں خاطر خواہ ترقی ہوئی ہے وہاں صحت کا شعبہ بھی کسی سے پیچھے نہیں رہا۔ سائنسدانوں نے بیماریوں کے جدید علاج دریافت کیے، حیرت انگیز آلات اور مشینریاں ایجاد کیں جن کی مدد سے کئی جان لیوا بیماریوں کی شروع میں ہی تشخیص ممکن ہوئی اور یہ بھی ممکن ہوا کہ ان بیماریوں کا ابتداء میں علاج شروع کر کے انہیں ٹھیک کیا جاسکے، ان کے آگے بڑھنے کی رفتار کو روکا یا کم کیا جاسکے تا روزمرہ زندگی بہتر ہوسکے۔

انہی آلات کی مدد سے صحت مند جسم میں موجود مختلف اجزاء جو کہ ہم غذا سے حاصل کرتے ہیں اور وہ ہضم ہونے کے بعد خون میں ملتے ہیں اور پھر خون انہیں جسم کے مختلف حصوں میں پہنچاتا ہے، کا علم حاصل ہوا اور پتہ چلا کہ ان کی نارمل مقدار خون میں کیا ہونی چاہئے اور یہ کہ اگر ان کی مقدار کم یا زیادہ ہونے لگے تو کون کون سی بیماریاں ہونے کے امکانات ہوتے ہیں تا ان پر نظر رکھ کر ان سے بچا جاسکے۔ بالفاظ دیگر ہزارہا سال سے چلی روایت پرہیز علاج سے بہتر ہے۔ کو عملی جامہ پہنانا ممکن ہوا۔

بہت سی جان لیوا بیماریوں میں دل کی ایک بیماری ''دل کا دورہ'' سرفہرست ہے۔ اس بیماری کے بچاؤ کے لئے خون میں موجود ''کولیسٹرول'' کو بہت اہمیت دی جاتی ہے۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ دل کے دورہ کا ایک سبب ان خون کی نالیوں میں جو کہ خود دل کو خون مہیا کرتی ہیں میں کچھ اجزاء کا جمنا ہے جسے ''Plaque'' کہتے ہیں۔ جس کی وجہ سے نالیوں کا منہ اندر سے بند ہو جاتا ہے اور دل کو خون مہیا نہیں ہو پاتا، خون کے نہ ملنے کی وجہ سے دل متاثر ہو جاتا ہے اور دل کا دورہ بڑھ جاتا ہے۔

اب تک ایک عام خیال یہ رہا ہے کہ اس Plaque کے بننے میں کولیسٹرول کا بہت بڑا ہاتھ ہے۔ اس وجہ سے جب بھی کولیسٹرول کا ذکر ہوتا ہے تو ہر کسی کے ذہن میں ایک ایسی چیز کا ذکر گھومتا ہے جس کا کام صرف خون کی نالیوں کو بند کرنے کا ہے۔ اس سے زیادہ اہم بات جو ہم بھول جاتے ہیں وہ یہ ہے کہ کولیسٹرول ہمارے جسم کے لئے بے حد ضروری بھی ہے۔ کولیسٹرول کے بارہ میں بہت کچھ لکھا چکا ہے اس لئے اس مضمون میں میرا مقصد ان باتوں کو دہرانا نہیں ہے جیسے کہ کولیسٹرول ہمارے جسم کے لئے کیوں ضروری ہے۔ اس کی کتنی اقسام ہیں۔ کن غذاؤں میں اس کی مقدار زیادہ ہے وغیرہ وغیرہ بلکہ اس مضمون سے میرا مقصد اُن نئی معلومات کو آپ کے سامنے رکھنا ہے جو کہ کولیسٹرول کے متعلق مروجہ باتوں کو دور کرتی ہیں۔

عام طور پر Plaque مختلف اجزا کے مل جانے سے بنتا ہے جو کہ Calcium سے بندھے ہوتے ہیں۔ کچھ نئی تحقیقات کے مطابق یہ بات ثابت شدہ ہے کہ ان خون کی نالیوں میں پہلے دوسرے اجزا جمنا شروع ہوتے ہیں اور بعد میں وہ کولیسٹرول کو Trap کر لیتے ہیں۔ ان میں خاص عنصر Calcium ہے۔

نیشنل انسٹیٹیوٹ آف ہارٹ اینڈ لنگز کے مطابق امریکہ کے ہسپتالوں میں داخل ہونے والے مریضوں میں 50 یا 60 فیصد لوگوں کے خون میں کولیسٹرول کی مقدار بالکل نارمل ہوتی ہے اس کے برعکس کئی لوگوں میں اس کی بڑھی ہوئی مقدار کے باوجود دل کی بیماری کے کوئی اثرات نہیں ہوتے۔ یہاں پر ایک بات قابل غور ہے کہ خون کی نالیاں اندر سے Smooth ہیں اور کولیسٹرول چکنا ہوتا ہے جو کہ خون میں شامل ہے اور اچھی خاصی رفتار سے ان نالیوں میں گردش کر رہا ہے، ان چیزوں کے یکجا ہونے سے اس کا نارمل حالات میں جم جانا کچھ مختلف سی بات ہے۔ ان باتوں نے سائنسدانوں کو یہ تحقیق کرنے پر مجبور کیا کہ وہ یہ معلوم کریں کہ ان مریضوں میں Arterial plaque بننے کے پیچھے کون سے اور عوامل ہیں۔ اس کے علاوہ محققین نے ان غذاؤں پر بھی تحقیق کی جو کہ کولیسٹرول کی زیادہ مقدار اپنے اندر رکھتے ہیں۔ مثال کے طور پر انڈوں پر تحقیق کرنے پر پتہ چلا کہ ان میں کولیسٹرول کی مقدار زیادہ ہونے کے ساتھ ساتھ ایک چیز Lecithin کی مقدار بھی کافی ہے جو کہ اس کو آسانی سے ہضم کر دیتا ہے اور خون کی نالیوں میں جمنے سے روکتا ہے۔ یہاں یہ بات قابل غور ہے کہ یہ بات ''دیسی'' انڈوں کے بارے میں ہے جو کہ اپنی اصلی حالت میں ہیں اس کے برعکس آجکل کی غذا میں شامل جو فارمی انڈے ہیں ان کا کیمیکل سٹرکچر ہی تبدیل کر دیا گیا ہے۔ اس بات میں کوئی شک نہیں کہ جب کسی چیز کا کیمیکل فارمولا تبدیل کر دیا جائے تو اس کے اثرات بھی بدل جاتے ہیں۔ دیسی انڈے چند دن کے اندر استعمال نہ ہونے سے خراب ہو جاتے ہیں جبکہ ہمارا روزمرہ کا تجربہ ہے کہ فارمی انڈے بہت عرصہ پڑے رہنے کے باوجود خراب نہیں ہوتے اور سب سے بڑی بات ان میں چوزہ پیدا کرنے کی صلاحیت ہی ختم کر دی گئی ہے۔ اس سے صاف ظاہر ہے کہ دونوں اقسام کے انڈوں میں فرق ہے۔ یہاں پر ایک اور بات جو کہ غور طلب ہے وہ یہ کہ جو بھی غذا ہم کھاتے ہیں ہمارا جسم اس کا تجزیہ کرتا ہے اور پھر مختلف اینزائم استعمال کر کے اسے ہضم کرتا ہے مثال کے طور پر اگر کسی غذا میں چکنائی زیادہ ہے تو جسم ایک enzyme Lipase کی مدد سے اسے توڑ کر ہضم کرتا ہے اور اگر کوئی غذا نشاستہ سے لدا ہوا ہے تو جسم دوسرا اینزائم زیادہ مقدار میں خارج کرتا ہے تا وہ ہضم ہوسکے۔ بالفاظ دیگر غذا مختلف اجزاء سے مل کر بنتی ہے اور جسم اسی کو مدنظر رکھ کر مختلف enzyme مختلف نسبت سے خارج کرتا ہے اب اگر غذا اپنی قدرتی حالت میں ہے تو جسم اس کو آسانی سے ہضم کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے اور آخر میں جو Endproducts بنتے ہیں وہ بے ضرر ہوتے ہیں اور جسم اسے آسانی سے استعمال کر سکتا ہے۔ چاہے اسے باہر نکال دے یا پھر دوبارہ سے نئی شکل دے کر کام میں لے آئے۔ لیکن اگر ایسی غذا جو اپنی قدرتی حالت میں نہیں ہے یعنی سائنسدانوں نے اس پر تجربات کر کے اس کی ساخت ہی تبدیل کر دی ہو تو یہ پورا عمل بالکل الٹ ہو جاتا ہے اور جو Endproducts بنتے ہیں وہ جسم میں رہ کر اسے نقصان پہنچاتے ہیں۔ یہی ایک وجہ ہے کہ فوڈ الرجی دنیا میں بہت زیادہ عام ہوتی جا رہی ہیں اس کی عام مثال Trans Fat کی ہے۔

Trans Fats کیا ہیں

کچھ عرصہ پہلے عام خیال ہونے لگا کہ مکھن صحت کے لئے نقصان دہ ہے۔ سائنسدانوں نے اس کا حل یہ نکالا کہ وہ کھانے کا تیل جو کہ کمرہ کے درجہ حرارت میں مائع کی شکل میں رہتا ہے اور نقصان دہ نہیں ہے کو تبدیل کر کے مکھن کی شکل دی جائے جو کہ اس کا نعم البدل بھی ہو اور سستا بھی۔ انہوں نے اس تیل کو ایک عمل کے ذریعے سے سخت شکل میں تبدیل کر دیا جسے ہم مارجرین (Margarine) کہتے ہیں۔

1970-80ء کی دھائی میں اس کا استعمال بہت عام ہو گیا۔ اسے مکھن سے زیادہ بہتر کہا جانے لگا۔ اس کا استعمال جتنا بڑھنے لگا اتنا دل کی بیماریوں اور موٹاپے میں اضافہ ہونے لگا۔ اب اس پر نئی تحقیقات سے پتہ چلا کہ اس کی ساخت ہی تبدیل کر دی گئی ہے جس کی وجہ سے جسم اس کو ٹھیک طرح سے استعمال نہیں کر پاتا یہ Fat بجائے جسم کے کام آنے کے جمع ہونا شروع ہو جاتا ہے جس سے موٹاپا ہونے لگتا ہے اور دوسرا یہ ایسے کولیسٹرول کو جنم دیتا ہے جس میں جمنے کی صلاحیت ہے اور جو کہ قدرتی غذا سے حاصل ہونے والے کولیسٹرول سے مختلف ہے اور جو خاص بات سامنے آئی وہ یہ ہے کہ مکھن جو کہ اپنی اصلی حالت میں ہے اگر اس کا استعمال میانہ روی سے کیا جائے تو وہ صحت کے لئے فائدہ مند ہے۔ یہ بات غور طلب ہے کہ آجکل امریکہ اور کینیڈا میں اب Trans Fat پر پابندی لگانے کی کوشش کی جا رہی ہے اور کئی ماہر ڈاکٹر اب اپنی کتابوں میں گھی (Ghee) کا لفظ استعمال کر کے عوام کو بتا رہے ہیں کہ گھی کو استعمال کیا جائے یہ Ghee کیا ہے۔ جی ہاں یہ وہ اصلی گھی ہے جو ہمارے آباؤ اجداد استعمال کیا کرتے تھے۔ انہوں نے اسے ایک اور نام بھی دیا ہے جسے وہ صاف مکھن بھی کہتے ہیں۔ حیران کن بات یہ ہے کہ اگر آپ بیرون ملک کسی فوڈ سٹور میں جا کر دکاندار سے Ghee کا پتہ کریں تو وہ فوراً ایک بوتل آپ کے حوالے کر دے گا جس پر انگریزی میں ''Ghee'' لکھا ہوا ہے۔ اب میں مختصراً آپ کے سامنے ان عوامل کا ذکر کروں گا جو کہ خون کی نالیوں کی تنگی کا سبب بنتے ہیں۔

(1)Homocysteine

1969ء میں ہارورڈ یونیورسٹی کے ایک پروفیسر نے ریسرچ کے بعد ایک تھیوری پیش کی جو کہ اب بالکل درست تسلیم کی جانے لگی ہے۔ اس کے مطابق جب ہمارے خون میں ایک چیز Homocysteine کا لیول بڑھنے لگے تو وہ دل کی نالیوں کو اندر سے نقصان پہنچا کر ان کی ملائمت کو ختم کر دیتا ہے، اس طرح سے وہ کھردری ہو جاتی ہیں۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ Homocysteine کیا ہے۔ جو غذا میں سے ہم Protein کھاتے ہیں (مثلاً گوشت مرغی، انڈہ وغیرہ) وہ مختلف قسم کے Amino Acids سے مل کر بنتے ہیں۔ ہمارا نظام ہضم پروٹین کو ان Amino Acids میں توڑتا ہے پھر ہر ایک کو استعمال میں لاتا ہے اور کچھ کو جسم سے خارج کرتا ہے اگر کچھ وٹامنز خاص کر وٹامن B کی کمی کی وجہ سے جسم Homocysteine کو Process نہیں کر پاتا تو خون میں اس کی مقدار نارمل سے زیادہ رہنے لگتی ہے اور جب کچھ عرصہ سے ایسا رہنے لگے تو نالیوں کو نقصان پہنچتا ہے کولیسٹرول وہاں پر مرمت کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ کھردرے ہونے کی وجہ سے کیلشیم کی مقدار وہاں جمتی ہے پھر دوسرے اجزا اور کولیسٹرول جس کا نتیجہ Plaque ہے۔

(2) Inflamation

جب جسم میں کوئی زخم ہوتا ہے تو نتیجتاً Inflamation ہوتی ہے جو کہ ہمارے جسم کا قدرتی نظام ہے۔ خون وہاں جمع ہو کر اصلاح کی کوشش کرتا ہے اسی وجہ سے اس جگہ پر سوجن، لالی، گرمی وغیرہ ہو جاتی ہے۔ Inflamation مختلف وجہ سے ہوسکتی ہے۔ چاہے وہ چوٹ ہو یا انفیکشن وغیرہ۔ اس قسم کی Inflamation کو ہم Local بھی کہہ سکتے ہے۔ دوسری طرح کی Inflamation کو Systemic کہا جاتا ہے جو کہ جسم کے ایک بڑے حصہ کو اثر انداز کرتی ہے اس کی ایک قسم جسے Silent Inflamation کہتے ہیں۔

(3)C-Reactiveprotein

جب جسم میں ہلکی ہلکی Inflamation رہنے لگے تو یہ ایک اور طرح سے ان نالیوں کو نقصان پہنچاتی ہے۔ اس Inflamation کی وجہ سے جسم ایک Protein بناتا ہے جسے reactiveprotein کہتے ہیں جو کہ ایک جسم کا ردعمل ہے۔ اگر یہ جسم میں زیادہ ہے تو خون کی نالیاں زخمی ہوتی ہیں اور

Plaque بننے کا Process شروع ہو جاتا ہے۔ کئی سائنسدانوں کا خیال ہے کہ اگر خون میں یہ پائی جائے تو دل کے دورہ کے مواقع کئی اور چیز کے پائے جانے سے زیادہ ہیں۔

(4) Insulin Resistance

ہمارے جسم کے خلیوں پر Insulin receptos (Cells) ہوتے ہیں، جو کہ Insulin کو خلیوں کے اندر شکر کو لے جانے میں مدد کرتے ہیں وہ جہاں جا کر Glucose یا شکر جلتی ہے اور جسم کو توانائی حاصل ہوتی ہے۔ کئی لوگوں میں جن میں خاص کر وہ لوگ ہیں جن کے پیٹ پر چربی زیادہ ہو (Centralobesity) یا جو کہ مصنوعی شکر بہت کھاتے ہوں چاہے وہ کسی شکل میں عام چینی، sweets Chocolates ان میں Insulin Resistance پیدا ہو جاتی ہے۔ یہاں پر غور طلب بات یہ ہے کہ ان کا لبلبہ انسولین بنا رہا ہوتا ہے لیکن کیونکہ receptos ان کی مدد نہیں کرتے جس کے نتیجہ میں خون میں شکر کی مقدار بڑھنے لگتی ہے۔ جس کی وجہ سے لبلبہ زیادہ انسولین بنا کر خون میں بھیجتا ہے۔ جب تک کہ انسولین اپنا کام پورا نہ کر لے۔ نتیجتاً خون میں انسولین کی مقدار بڑھتی رہتی ہے اور خون کی نالیوں کو نقصان پہنچتا ہے اور بے ضرر چیزیں وہاں پر جمنا شروع ہوتی ہیں۔ یہاں ایک بات واضح کرتا چلوں کہ یہ حالت ذیابیطس سے مختلف ہے۔ لیکن زیادہ عرصہ رہنے کی وجہ سے ذیابیطس ہو سکتی ہے۔

ذیابیطس شکری میں خون میں شکر زیادہ اور انسولین کم ہوتی ہے جبکہ Insulin resistance میں شکر نارمل لیکن انسولین زیادہ پائی جاتی ہے۔

(5) Nutritional Deficiencies

ریسرچ نے ثابت کیا ہے کہ بہت سے دل کے حملےکے مریضوں میں جب مختلف اجزاء مثلاً کولیسٹرول وغیرہ نارمل پائے گئے تو ان میں Magnesium کی مقدار کم پائی گئی اور جب انہیں وریدوں کے ذریعہ Magnesium دی گئی تو وہ بہت جلد تندرست ہو گئے۔ سائنسدان اس بات پر متفق ہیں کہ اگر خون میں Magnesium کم ہو جائے تو ہارٹ اٹیک ہونے کے مواقع بہت زیادہ ہوتے ہیں۔ اس کی ایک مثال ان کھلاڑیوں سے ملتی ہے جن میں کئی ایسے تھے جو کہ مراتھن قسم کی دوڑ میں حصہ لیتے تھے یا بہت تیز کھیلوں کے کھلاڑی تھے ان میں کوئی بیماری نہ تھی لیکن اچانک ہارٹ اٹیک سے وفات پا گئے۔ تجربہ سے پتہ چلا کہ ان میں Magnesium کی قلت تھی۔

(6) Oxidized Cholesterol

تحقیق سے ثابت ہے کہ عام کولیسٹرول جو کہ غذا سے حاصل ہوتا ہے وہ نقصان دہ نہیں ہے لیکن جب یہی کولیسٹرول آکسیجن سے مل کر Oxidized ہو جاتی ہے بالفاظ دیگر خراب ہو جاتی ہے تو اس میں جمنے کی صلاحیت پیدا ہوتی ہے مثلاً خراب گھی میں تلنے سے۔ ان میں وہ بھی شامل ہے جو کہ بار بار تلنے کے کام آئے۔ کیونکہ وہ Trans Fat میں تبدیل ہو جاتا ہے۔

یہ خاص خاص عوامل ہیں جو کہ بالکل نئی تحقیق کی وجہ سے سامنے آئے جو کہ کولیسٹرول سے زیادہ توجہ کے لائق ہیں۔ ہمیں چاہئے کہ ہم ان پر زور دیں بجائے اس کے کہ صرف کولیسٹرول کو ہی ایک وجہ سمجھیں کہ ایک اچھا خاصا وقت اس کو درست کرنے میں لگا دیں۔

ڈاکٹر ملک نسیم اللہ خان صاحب

بچوں کو مدر فیڈنگ کروانے کے فوائد

اللہ تعالیٰ نے نظام قدرت کچھ اس طرح بنایا ہے کہ ہر شے اپنی اصل سے ہی پرورش پائی جاتی ہے۔ خصوصاً انسان کی پرورش کا نظام اس طرح مرتب کیا ہے کہ اس کی پرورش کا تو مکمل انتظام ہی فطرت پر رکھ دیا ہے۔ مثلاً نومولود بچے کی پرورش اور غذائیت کا سارا انتظام ماں کے دودھ میں موجود ہے اور ماں کا دودھ بچے کی پرورش کا بہترین ذریعہ ہے۔ حتیٰ کہ یہ طریقہ اس قدر مفید اور محفوظ ہے کہ قرآن پاک میں بھی اس کی تائید کی گئی ہے۔ ارشاد خداوندی ہے کہ ’’اور مائیں دو سال تک اپنے بچوں کو دودھ پلائیں‘‘۔

ماں کا دودھ نومولود بچے کو پیدائش کے فوراً بعد دے دینا چاہئے کیونکہ جدید تحقیق نے ثابت کیا ہے کہ پیدائش کے فوراً بعد جو دودھ نما پانی ماں کے بطن سے بچے کو ملتا ہے۔ وہ اس کے لئے انتہائی مفید ہے۔ اس پانی کو Colostrium کہتے ہیں۔ اس میں ایسے خاص قیمتی اجزاء ہوتے ہیں۔ جو بچے کو ہر قسم کی بیماری سے محفوظ رکھتے ہیں۔ گویا ان اجزاء کی حیثیت ایک ایسے مرکب کی ہے کہ جس میں بچے کو تمام بیماریوں سے محفوظ رکھنے کی قوت موجود ہے۔ سائنسی زبان میں اس قوت کو قوت مدافعت کہتے ہیں۔ یہ حقیقت ہے کہ پیدائش سے قبل بچہ ہر قسم کے جراثیم سے محفوظ ہوتا ہے۔ لیکن جیسے ہی اس کی دنیا میں آمد ہوتی ہے۔ ہر سمت سے مختلف جراثیم اس پر حملہ آور ہو جاتے ہیں۔ جو اسے مختلف بیماریوں میں مبتلا کر سکتے ہیں۔ لیکن قدرت نے اس کا انتظام Colostrium کے ذریعے کیا ہے۔ جس میں ہر قسم کی بیماری کا مقابلہ کرنے کے لئے اینٹی باڈیز (Anti Bodies) موجود ہیں۔ عموماً مائیں یا دیگر خواتین بچے کو Colostrium نہیں دینے دیتیں اور کہتی ہیں کہ یہ دودھ خراب ہے۔ لیکن یہ خیال بالکل غلط ہے۔ اب ماؤں کو اس کی تصحیح ضرور کرلینی چاہئے۔

ماں کا دودھ نومولود بچے کے لئے غذائی اجزاء کا بہترین مرکب ہے۔ اس میں بچہ کی ضرورت کے مطابق نشاستہ، پروٹین اور چکنائی شامل ہیں۔ مشاہدے اور تجربے سے ثابت ہوا ہے کہ ایسی خواتین و حضرات جنہوں نے بچپن میں ماں کا دودھ پیا تھا۔ دلکی بیماری سے کافی حد تک محفوظ رہتے ہیں اور خون میں ان کا کولیسٹرول لیول بھی بہت کم ہوتا ہے۔ جو بچے وقت سے پہلے پیدا ہوتے ہیں۔ ان کی ماؤں کا دودھ ان ماؤں سے مختلف ہوتا ہے۔ جن کے بچے نوماہ کا عرصہ مکمل کرنے کے بعد پیدا ہوتے ہیں۔ غرضیکہ قدرت نے ہر بچے کے لئے ایک ایسا مکمل نظام تشکیل دیا ہے کہ اس کو اس کی ضروریات کے تحت غذا ملتی رہتی ہے۔ گائے کا دودھ اس کے اپنے بچے کے لئے موافق ہوتا ہے لیکن انسان کے بچے کے لئے نہیں۔

اس میں وہ اجزاء نہیں ہوتے جو انسان کے بچے کے لئے ضروری ہیں۔ گائے کے دودھ میں نمکیات زیادہ ہوتے ہیں جس کی وجہ سے بچے کے گردوں پر بھی اثر پڑ سکتا ہے۔ اسی طرح پاؤڈر یا گائے کے دودھ میں کیلشیم اور فاسفورس کا تناسب کچھ اس طرح ہوتا ہے کہ بچے میں کیلشیم کی کمی بھی ہو سکتی ہے۔ جبکہ ماں کے دودھ میں کیلشیم اور فاسفورس کا تناسب اتنا مناسب ہوتا ہے کہ بچے کی ہڈیاں صحیح اور متوازن طریقے سے بڑھتی رہتی ہیں۔ اس لئے ماؤں کو چاہئے کہ جس حد تک ممکن ہو، بچے کو اپنا دودھ پلائیں۔ اس سے ماں اور بچے کے درمیان قربت کا احساس بڑھتا ہے۔ پھر جن بچوں کی مائیں دودھ پلاتی ہیں۔ وہ سکول میں بھی باقی بچوں کی نسبت پڑھائی میں بہتر ہوتے ہیں۔ ہر کام دلچسپی اور توجہ سے کرتے ہیں۔ ایسے بچے بہت کم ضدی ہوتے ہیں اور نفسیاتی بیماریوں کا بھی کم شکار ہوتے ہیں۔ اب تک کی تحقیق میں کوئی ایسی بات سامنے نہیں آئی ہے جس کی وجہ سے ماں کا دودھ بچے کے لئے مناسب مقدار میں غذائیت فراہم نہ کر سکے۔ اگر ماں ذہنی طور پر بچے کو دودھ پلانے کے لئے تیار ہو تو کوئی وجہ نہیں کہ بچے کو پیٹ بھر کر دودھ نہ مل سکے۔ کیونکہ ماں کی نفسیات اور ماں کے دودھ کا بہت گہرا ربط ہوتا ہے۔ جو ماں اپنے بچے کو بغیر کسی ہچکچاہٹ کے توجہ سے دودھ پلائے گی۔ اس کے دودھ کے ذریعے بچے کو یقیناً بہتر غذائیت ملے گی۔

عموماً ہر ماں کو اپنے بچے کو دو سال کی عمر تک دودھ پلانا چاہئے۔ خصوصاً ابتدائی ماہ میں تو بچہ جب بھی دودھ مانگے اسے ضرور پلائے۔ البتہ چھ ماہ کی عمر کے بعد جب بچے کو ٹھوس غذا ملنی شروع ہوتی ہے تو دودھ دن میں چار سے چھ مرتبہ دیا جا سکتا ہے۔ ماں کے دودھ کے اجزاء بچے کی عمر کے ساتھ تبدیل ہوتے رہتے ہیں۔ جیسے جیسے بچے کی عمر بڑھتی جاتی ہے۔ ماں کے دودھ کے اجزاء بھی اسی کے مطابق ہو جاتے ہیں۔ اس لئے دو سال کی عمر تک بچے کو اس کی ضرورت کے مطابق دودھ ملتا رہتا ہے۔

ان تمام باتوں کے باوجود اگر بحالت مجبوری بچے کو اوپر کا دودھ دینا پڑے تو ہمیشہ بوتل کی بجائے چمچے اور پیالے یا کپ سے دینا چاہئے۔ کیونکہ عموماً مائیں بوتل کی صفائی۔ صحیح طریقے سے نہیں کرتیں۔ جس کی وجہ سے بوتل کے اندر گندگی جمع ہو جاتی ہے اور اس میں موجود جراثیم کی وجہ سے بچہ دستوں کا شکار ہو جاتا ہے۔

اس کے علاوہ ایک عام رجحان یہ ہے کہ مائیں، بچوں کو گائے یا بھینس کے دودھ میں مزید پانی ملا کر دیتی ہیں۔ جس سے دودھ کی غذائیت کم ہو جاتی ہے۔ لہٰذا جب بھی بچے کو گائے یا بھینس کا دودھ دیں تو اس میں پانی ہرگز نہ ملائیں کیونکہ یہ فائدہ مند بھی نہیں اور مضر صحت بھی ہے۔ پھر جب ماں بچے کو ڈبے کا دودھ دیتی ہے۔ تو اس میں بھی پانی ابال کر نہیں ملاتی یا بعض اوقات مقررہ نسبت سے زائد پانی ملا دیتی ہے۔ تو اس وجہ سے بھی بچے کو دست لگ سکتے ہیں۔ گویا بوتل کا دودھ جراثیم کی افزائش اور بیماریوں کے پھیلاؤ کا اہم سبب ہے اور کبھی کبھی بچوں میں سخت قسم کے دست والٹی (ڈائریا) کی وجہ بھی بن جاتا ہے۔ اسی طرح جب بچے کو پانی دیا جائے تو وہ بھی بوتل کی بجائے کپ اور چمچے سے دینا چاہئے۔

ہمارا ملک ایک ترقی پذیر ملک ہے اور ایسے ملک کا کثیر زرمبادلہ اگر ڈبے کے دودھ پر خرچ ہو تو بڑے افسوس کی بات ہے۔ جبکہ ڈبے کی دودھ کی وجہ سے بچوں میں دست اور الٹی کی بیماری عام ہوتی ہے۔ جس کی وجہ سے والدین پر ادویات کا اضافی مالی بوجھ بھی پڑتا ہے۔ اس کی نسبت ماں کا دودھ ہر قسم کے جراثیم سے پاک، صاف ستھرا اور بالکل مفت ہوتا ہے۔ جو ہر وقت اور ہر جگہ دیا جا سکتا ہے اور بچے کے لئے مفید ترین بھی ہے۔

اس کے علاوہ بہت سی ماؤں میں یہ غلط فہمی عام ہے کہ حمل کے دوران بچے کو دودھ نہیں پلانا چاہئے۔ یہ خیال قطعاً غلط ہے۔ حمل کے دوران بھی ماں بچے کو دودھ پلا سکتی ہے اور اس سے اس کے ہونے والے بچے پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔ بلکہ دونوں بچوں کی پرورش ساتھ ساتھ ہوتی ہے۔ لیکن اس کے لئے نہایت ضروری ہے کہ ماں اپنی غذا پر بھرپور توجہ دے۔

یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ بچے کو پہلے چھ ماہ صرف اور صرف ماں کا دودھ دینا چاہئے اور اس دوران کوئی اضافی خوراک یا پانی وغیرہ ہرگز نہیں دینا چاہئے کیونکہ ماں کے دودھ میں 87 فیصد پانی ہوتا ہے۔ اس لئے خواہ موسم گرما ہی کیوں نہ ہو، بچے کو ہرگز پانی نہ دیں۔

احباب جماعت اور واقفین نو بچوں کے والدین کو چاہئے کہ وہ اس امر کا خیال رکھیں کہ گھر کی خواتین بغیر کسی وجہ کے بچے کو اوپر کا دودھ نہ دیں اور حتی الوسع مدر فیڈ کی کوشش کریں۔ تاکہ ہماری نئی نسل خصوصاً واقفین نو بچے جو جماعت کا بہت ہی قیمتی اثاثہ ہیں، صحتمند اور ذہین اور چاک و چوبند ہوں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو حفظان صحت کے اصولوں پر عمل کرنے کی توفیق دے۔ آمین

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 72094 میں چوہدری طاہرہ باجوہ

زوجہ چوہدری محمد ریاض قوم باجوہ پیشہ خانہ داری عمر 55 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن کینیڈا بقائمی ہوش و حواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 05-7-16 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) حق مہر بذمہ خاوند -/25000 روپے (2) طلائی زیور 15 تولے مالیتی -/2550 ڈالر CAD۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 ڈالر ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ چوہدری طاہرہ باجوہ۔ گواہ شد نمبر 1 شیخ عبدالمنان۔ گواہ شد نمبر 2 شہزاد مظفر

مسل نمبر 72095 میں محمد شازل نگیال

ولد عبدالعظیم نگیال قوم جٹ پیشہ طالب علم عمر 17 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن کینیڈا بقائمی ہوش و حواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 06-11-4 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 ڈالر ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ محمد شازل نگیال۔ گواہ شد نمبر 1 احمد اللہ باجوہ ولد چوہدری نصر اللہ خان۔ گواہ شد نمبر 2 زبیر احمد ہاشمی ولد سید محمد صادق ہاشمی

مسل نمبر 72096 میں خاور بشیر

ولد بشیر احمد گوندل قوم جٹ پیشہ کاروبار عمر 34 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن کینیڈا بقائمی ہوش و حواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 06-11-11 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) کار مالیتی -/13500 ڈالر کینیڈین۔ اس وقت مجھے مبلغ -/4000 ڈالر کینیڈین ماہوار بصورت کاروبار مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ خاور بشیر۔ گواہ شد نمبر 1 چوہدری نوید عامر ولد چوہدری نذیر احمد گوندل۔ گواہ شد نمبر 2 سلمان طارق شیخ ولد شیخ شریف احمد

مسل نمبر 72097 میں Tirah

زوجہ Oon قوم...... پیشہ خانہ داری عمر 50 سال بیعت 1975ء ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش و حواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 06-2-23 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) حق مہر اداشدہ -/RP100000 (2) طلائی زیور 6 گرام مالیتی -/RP600000۔ اس وقت مجھے مبلغ -/RP100000 ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ Tirah۔ گواہ شد نمبر 1 Solihin۔ گواہ شد نمبر 2 Oon

مسل نمبر 72098 میں Ida Fitriah Kulsum.N

بنت Bahtiar A Safari قوم...... پیشہ...... عمر......سال بیعت......ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش و حواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 06-8-8 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/RP600000 ماہوار بصورت......مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ Ida Fitriah Kulsum.N گواہ شد نمبر 1 Lukman Nur Hakim گواہ شد نمبر 2 Bahtiar.A.Safari

مسل نمبر 72099 میں Dewi Kurniasih

زوجہ HIDIR Ahmid قوم...... پیشہ خانہ داری عمر......سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش و حواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 06-4-24 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) حق مہر طلائی زیور 25 گرام مالیتی -/RP2250000 (2) طلائی زیور 27 گرام مالیتی -/RP2900000 اس وقت مجھے مبلغ -/RP500000 ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ Dewi Kurniasih۔ گواہ شد نمبر 1 Rafik Ahmad گواہ شد نمبر 2 Barnas Syakirin

مسل نمبر 72100 میں Oom Soma

ولد Pakih قوم...... پیشہ لیبر عمر......سال بیعت 1968ء ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش و حواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 06-12-16 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) زمین برقبہ 100 مربع میٹر مالیتی -/RP2500000۔ اس وقت مجھے مبلغ -/RP500000 ماہوار بصورت مزدوری مل رہے ہیں۔ اور مبلغ -/RP200000 سالانہ آمد از جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Oom Soma۔ گواہ شد نمبر 1 TJukar گواہ شد نمبر 2 Sugandi۔ Khotiman

مسل نمبر 72101 میں ثناء اللہ ملک

ولد ذکاء اللہ ملک قوم...... پیشہ ملازمت عمر 44 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن U.K بقائمی ہوش و حواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 07-2-3 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) رہائشی مکان مالیتی -/88000 پاؤنڈ۔ اس وقت مجھے مبلغ -/1000 پاؤنڈ ماہوار بصورت Benifits مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ ثناء اللہ ملک۔ گواہ شد نمبر 1 فیض الرحمٰن خان ولد ایم الطاف خان۔ گواہ شد نمبر 2 Tahir Solbi وصیت نمبر 25670

مسل نمبر 72102 میں ثروت جہاں آرا ملک

